# 31908 - کیا قبرستان کے قریب سے گزرنے والی عورت قبرسان والوں کو سلام کہے گی ؟

**سوال**

ہمارے علم میں تو یہی ہے کہ عورت کو قبروں کی زیارت کرنے سے منع کیا گیا ہے، لیکن اگر عورت راستے میں آنے والے قبرستان کی دیوار کے قریب سے گزرے اور قبروں کو دیکھے تو کیا وہ قبرستان والی دعا پڑھ سکتی ہے یا نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اس کے لیے قبرستان والی دعا ( السلام علیکم اہل الدیار... ) پڑھنے میں کوئی حرج نہیں، اور اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا، کیونکہ اس نےقبروں کی زیارت کا قصد تو نہیں کیا، اور نہ ہی وہ قبرستان میں داخل ہوئی ہے، بلکہ بغیر ارادہ کے وہ تو اس کے راستہ میں آیا ہے.